شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰(۱۱۔۹۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

25 نومبر 2009

26/11 کی برسی پر امریکی سفیر ٹموتھی جے رومر کا بیان

نئی دلی: آج ہم ایک سال قبل ممبئی میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے کے مہلوکین کو یاد کر رہے ہیں۔ ہم ان بہت سارے مرد و خواتین کی شجاعت کو بھی یاد کرتے ہیں جنہوں نے دوسروں کو بچانے کے لئے اپنی زندگیوں کو خطرہ میں ڈالا۔ اس موسم گرما میں جب میں تاج محل ہوٹل میں ٹھہرا تو میں نے بہت سے بہادر انسانوں کی کہانیاں بذات خود سنیں۔

دہشت گردی کی عالمی اذیت ناکی کا مقابلہ کرنے کے لئے اور تمام لوگوں کے لئے مثبت مواقع یعنی تعلیم، روزگار، صحت اور خوشحالی کے مواقع فراہم کرنے کے لئے ہم سبھی لوگوں کو اسی جذبہ کے ساتھ مل جل کر کام کرنا چاہئے۔ ہم لوگوں کو بیک زبان ہو کر پُرتشدد دنیا کو مسترد کرنا چاہئے جسے دہشت گرد پھیلانا چاہتے ہیں۔

امریکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہندوستان کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑا ہے۔ اس وقت ہم ہندوستان کے ساتھ تشدد کے خلاف عدیم المثال شراکت داری اور تعاون کر رہے ہیں اور یومیہ بنیاد پر اکٹھا ہو کر کام کر رہے ہیں۔ مہاتما گاندھی کے اس قول کو یاد کرتے ہوئے جس میں انہوں نے ہم تمام لوگوں کو نصیحت کی تھی کہ 'دنیا میں جو تبدیلی دیکھنا چاہتے ہو، وہ تبدیلی اپنے آپ میں پیدا کرو' ہم ایک ایسی پر امن دنیا کے قیام کے لئے کوششیں جاری رکھیں گے جس میں سبھی شہری متحمل اور محفوظ معاشروں میں امن و امان کے ساتھ رہ سکیں۔

☆☆☆☆☆